**02.04.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ......شگفتہ یاسمین

**Music**

--------------------------------

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے اجاگر کیا ہے کہ بھارت، تیزی کے ساتھ بدلتے ہوئے عالمی نظام میں مستحکم طور پر پیشرفت کر رہا ہے۔ انھوں نے کہا کہ حکمرانی کا اوّلین اصول، سرکاری خدمات کو شہریوں کیلئے مزید دستیاب اور مزید حساس بنانا ہے۔

☆ پارلیمنٹ نے مرکزی مسلح پولیس فورسز کے عام انتظامیہ کے بل اور Provisions بل کی جَن وِشواس ترمیم کو منظوری دے دی ہے۔ پارلیمنٹ نے آندھراپردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر امراوتی کو قانونی حیثیت دینے کے بل کو بھی منظوری دے دی ہے۔

☆ سپریم کورٹ نے مالدہ میں SIR مہم کے دوران عدلیہ کے افسران کو یرغمال بنانے پر مغربی بنگال انتظامیہ کی نکتہ چینی کی ہے۔ اس نے انتخابی کمیشن کو مرکزی تحقیقات کرنے کیلئے اجازت دے دی ہے۔ عدالت نے پینل سے مرکزی فورسز تعینات کرنے کو کہا ہے۔

☆ آسام، مغربی بنگال، کیرالم، تمل ناڈو اور پڈوچری میں اسمبلی انتخابات کیلئے انتخابی مہم میں تیزی آ گئی ہے۔

☆ بھارت نے UNIFIL میں تعینات اقوام متحدہ قیامِ امن فورسز پر حالیہ حملوں کی مذمت کی ہے اور اُن کے تحفظ اور سلامتی کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔

☆ اوربھارتی مکّے باز آدتیہ پرتاپ یادو، منگولیا میں ایشیائی باکسنگ چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔

--------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**PM Karmyogi**

وزیر اعظم نریندر مودی نے زور دے کر کہا ہے کہ بھارت کی تیزی کے ساتھ بدلتی ہوئی اُمنگوں کا تقاضا ہے کہ حکمرانی کا ایک ایسا ماڈل ہو، جو نہ صرف مؤثر ہو، بلکہ اس میں شہریوں کو مرکزی حیثیت حاصل رہے۔ جناب مودی نے ''کرم یوگی سادھنا سپتاہ 2026'' سے خطاب کرتے ہوئے ایک ویڈیو پیغام میں یہ بات کہی۔

**S/B PM on Public Service**

وزیر اعظم نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ رہن سہن میں سہولت اور معیارِ زندگی کو بہتر بنانا، حکمرانی میں ابتدائی

توجہ کا مرکز ہونا چاہیے۔ ٹیکنالوجی کی انتہائی اہمیت کے بارے میں وزیراعظم نے گذشتہ 11 سالوں میں ٹیکنالوجی کو سرکاری کام کاج، حکمرانی کے تانے بانے، خدمات کی فراہمی اور معیشت کے ساتھ گہرے طور پر مربوط ہونے کوا جاگر کیا۔

**S/B PM on Technology**

ایک ہفتے طویل ''کرم یوگی سادھنا سپتاہ'' کا آج سے آغاز ہوا ہے۔ یہ تقریب عملے اور تربیت کے محکمے، صلاحیت سازی کے کمیشن اور کرم یوگی بھارت کے ذریعے مشترکہ طور پر منعقد کی جارہی ہے۔ اس کا مقصد ملک بھر میں سول سرونٹس کی صلاحیت سازی، کارکردگی اور کام کرنے کی صلاحیت کو بہتر بنانا ہے۔ یہ تقریب مشن کے یومِ تاسیس اور مشن کرم یوگی کے پانچ سال پورے ہونے کے موقع پر منقد ہو رہی ہے۔x

**Parliament Bills**

پارلیمنٹ نے مرکزی مسلح پولیس فورسز (عام انتظامیہ) کے بل 2026 کو، لوک سبھا میں زبانی ووٹ سے منظور کئے جانے کے بعد، منظوری دے دی ہے۔ راجیہ سبھا اِس بل کو پہلے ہی پاس کرچکی ہے۔ اِس بل میں انسپکٹر جنرل کے عہدے میں ڈیپوٹیشن کے ذریعے CAPFs میں پچاس فیصد عہدوں کو پُر کرنے نیز ایڈیشنل ڈائریکٹر جنرل کے عہدے میں ڈیپوٹیشن کے ذریعے کم سے کم 67فیصد عہدوں کو بھرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ اس میں اسپیشل ڈائریکٹر جنرل اور ڈائریکٹر جنرل سطح کے تمام عہدوں کو ڈیپوٹیشن کے ذریعے ہی پُر کئے جانے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ بل پاس ہونے کے بعد اسپیکر اوم برلا نے ایوان کو مطلع کیا کہ ایوان کی کارروائی اِس مہینے کی 16 تاریخ کو دوبارہ شروع ہوگی جس میں کچھ اہم قوانین پر بحث کی جائے گی۔

پارلیمنٹ نے جَن وشواس (گنجائشوں کی ترمیم) بل 2026 کو بھی منظوری دے دی ہے۔ راجیہ سبھا نے بھی اِس بل کو آج منظوری دی تھی۔ اس بل کو گذشتہ کل لوک سبھا کی منظوری حاصل ہوگئی تھی۔ یہ قانون جرائم کو ختم کرنے اور خلاف ورزیوں کو باقاعدہ بنانے کے بہت سے قوانین میں ترمیم کرتا ہے، جس کا مقصد زندگی کو آسان کرنے اور کاروبار کرنے کیلئے بھروسے پر مبنی حکمرانی میں اضافہ کرنا ہے۔ اس میں 23وزارتوں کے ذریعے 79 مرکزی قوانین میں ترمیم کرنے کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ بل پر بحث کا جواب دیتے ہوئے کامرس اور صنعت کے وزیر پیوش گوئل نے کہا کہ یہ بل ہلکی خلاف ورزیوں کو جرائم کے زمرے سے ختم کرکے آسانی کے ساتھ کاروبار کرنے اور آسان زندگی گزارنے میں مدد کرے گا۔

اس سے قبل بحث کا آغاز کرتے ہوئے کانگریس کے شکتی سنگھ Gohil نے کہا کہ حکومت نے یہ بل جلدی میں پیش کیا ہے۔ RJD کے منوج کمار جھا، PDP کے Masthan Rao Yadav Beedha، وائی ایس آر سی پی کے Golla بابو راؤ، BJD کے نرنجن DMK،Bishi کے پی وِلسن اور عام آدمی پارٹی کے اشوک کمار متّل اور دیگر نے بھی بحث میں حصہ لیا۔ اس کے بعد ایوان بالا کی کارروائی 16اپریل تک کیلئے ملتوی کردی گئی۔ اسی دوران، آندھراپردیش تنظیم نو (ترمیمی بل) 2026 کو پارلیمنٹ نے منظوری دے دی ہے۔ اس بل کو آج پہلے راجیہ سبھا میں زبانی ووٹ سے منظوری دے دی گئی تھی۔ لوک سبھا میں یہ بل پہلے ہی پاس کیا جاچکا ہے۔ یہ بل امراوتی کو آندھراپردیش کی واحد راجدھانی کے طور پر قانونی حیثیت فراہم کرتا ہے۔x

## Interministerial Briefing

آج حکومت نے کہا کہ مغربی ایشیا میں جاری بحران کے مابین، اہم پیٹرو کیمیکل مصنوعات کو اِس سال 30 جون تک مکمل طور سے کسٹم ڈیوٹی سے مستثنیٰ رکھا جائے گا۔ مغربی ایشیا میں حالیہ صورتحال سے متعلق بین وزارتی بریفنگ میں میڈیا سے خطاب کرتے ہوئے، بالواسطہ ٹیکس اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ کے رکن سنجے منگل نے کہا کہ یہ اقدام صارفین کو اُن کی حتمی مصنوعات کیلئے بھی راحت فراہم کرے گا۔

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کی وزارت میں جوائنٹ سکریٹری سُجاتا شرما نے کہا کہ ملک میں خام تیل کی دستیابی معمول کے مطابق ہے اور ریفائنریز زیادہ سے زیادہ صلاحیت کے ساتھ کام کر رہی ہیں۔انھوں نے واضح کیا کہ حکومت نے پیٹرول اور ڈیزل پر ایکسائز ڈیوٹی میں تخفیف کی ہے تاکہ قیمتوں کو مستحکم رکھا جاسکے۔ انھوں نے کہا کہ حکومت نے آئندہ 7دنوں کیلئے خام تیل کی باقاعدہ فراہمی کو یقینی بنانے کی غرض سے انتظامات کئے ہیں۔ وزرات خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے بتایا کہ 845طالب علموں سمیت تقریباً ایک ہزار 200بھارتی باشندوں کو ایران سے نکلنے کیلئے زمینی سرحدوں کے ذریعے آرمینیا اور آذربائیجان میں داخل ہونے میں مدد فراہم کی گئی ہے۔ وزارت خارجہ کے خلیجی امور کے ایڈیشنل سکریٹری اسیم مہاجن نے کہا کہ حکومت، خلیج اور مغربی ایشیا میں صورتحال پر قریبی نظر رکھ رہی ہے، جس میں بھارتی باشندوں کے تحفظ اور بہبود کو اعلیٰ ترجیح حاصل ہے۔x

## SC West Bengal

سپریم کورٹ نے آج مغربی بنگال کے مالدہ ضلع میں پیش آئے ایک واقعہ کا سنجیدگی سے نوٹس لیا ہے، جہاں ووٹر فہرستوں کی خصوصی جامع نظر ثانی SIR عمل میں مصروف عدلیہ کے 7عہدیداروں کو یرغمال بنالیا گیا۔ عدالت عالیہ نے اِسے قابل مذمت عمل قرار دیا۔ مذکورہ واقعے کا از خود نوٹس لیتے ہوئے سپریم کورٹ نے ریاستی انتظامیہ کو سخت تنقید کا نشانہ بنایا اور اِس معاملے پر کارروائی نہ کرنے پر ریاستی چیف سکریٹری، پولیس کے ڈائریکٹر جنرل اور دیگر افسران سے جواب طلب کیا ہے۔ تمام افسران کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ اِس مہینے کی 6تاریخ کو سپریم کورٹ کے سامنے ورچوئل وسیلے سے پیش ہوں۔

چیف جسٹس سوریہ کانت کی سربراہی والی بینچ نے، جس میں جسٹس Joymalya Bagchi اور Vipul M. Pancholi شامل تھے، انتخابی کمیشن کو اِس افسوسناک واقعے میں CBI یا NIA کے ذریعے تحقیقات کرانے کی اجازت دی۔ بینچ نے انتخابی کمیشن سے کہا کہ وہ SIR کے عمل میں مصروف عہدیداروں، اُن کے اہل خانہ اور دیگر عملے کی حفاظت کو یقینی بنانے کیلئے ملک میں کہیں سے بھی لے کر مرکزی فورسز کو تعینات کرے۔ x

## Assam Constituency Profile

آسام، مغربی بنگال، کیرالم، تمل ناڈو اور پدوچیری میں اسمبلی انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے۔ آسام میں اسمبلی کی تمام 126سیٹوں کیلئے ایک ہی مرحلے میں چناؤ ہوں گے۔ Khowang اسمبلی حلقہ آسام کی اہم ترین سیٹوں میں سے ایک ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے......

**V/C- AMINUL**

اسمبلی حلقہ نمبر 89، Khowang آسام کے 126 اسمبلی حلقوں میں سے ایک ہے، جہاں آئندہ انتخابات کیلئے 9 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ Khowang ڈبروگڑھ کی اہم سیٹ ہے اور بنیادی طور پر یہ دیہی اسمبلی سیٹ ہے۔ 2023 کی حلقوں کی حد بندی کے بعد سابق Moran اسمبلی حلقے سے کچھ گاؤں کے اضافے یا ان کو ہٹانے کے بعد اسے Khowang کا نام دیا گیا تھا۔

حالیہ اسمبلی انتخابات میں Khowang سے 5 امیدوار میدان میں ہیں۔ بھارتیہ جنتا پارٹی نے Chakradhar Gogoi کو اپنا امیدوار بنایا ہے، جو Lurinjyoti Gogoi کے خلاف چناؤ لڑ رہے ہیں، جو کانگریس آسام کے زیر قیادت اپوزیشن اتحاد آسام جاتیہ پریشد کے صدر ہیں۔ Probhakar Das اور Biju Dowaral آزاد امیدوار کے طور پر اس حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ بھارت کے الیکشن کمیشن کے مطابق Khowang میں ایک لاکھ 57 ہزار سے زائد رائے دہندگان ہیں، جن میں 81 ہزار سے زائد خواتین اور 76 ہزار سے زائد مرد ووٹرز ہیں۔ اس کے علاوہ تمام 206 پولنگ مراکز میں 4 مُخنّث رائے دہندگان ہیں۔

2021 کے اسمبلی انتخابات میں اس حلقے سے 6 امیدوار میدان میں تھے، جن میں BJP کے چکردھر گوگوئی، کانگریس کے Assam Jatiya Parishad،Pranjal Ghotowar کے Sanjib Changmai اور 3 آزاد امیدوار شامل تھے۔چکردھر گوگوئی نے 49 فیصد ووٹوں سے چناؤ جیتا تھا اور 81 فیصد رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا تھا۔

Guwahati سے امین الحق Jwadder کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں اصغر علی

## Amit Shah Assam Visit

مرکزی وزیر داخلہ اور سینئر BJP لیڈر امت شاہ دو روزہ دورے پر آج سہ پہر آسام پہنچ گئے ہیں۔ وہ اسمبلی انتخابات سے قبل بھارتیہ جنتا پارٹی اور NDA کے دیگر امیدواروں کیلئے انتخابی مہم میں شرکت کیلئے پہنچے ہیں۔ AGP کے امیدوار Kesab Mahanta کی حمایت میں، Nagaon ضلع کی Kaliabor حلقے میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہا کہ BJP دراندازوں کے خلاف ہے۔ البتہ وہ آسام کے اصل مسلمان مکینوں کے خلاف نہیں ہیں۔ وزیر داخلہ نے کانگریس پارٹی کی اپنے اقتدار کے دوران آسام کو نظرانداز کرنے کیلئے نکتہ چینی کی۔ انھوں نے بتایا کہ BJP کی قیادت والی NDA حکومت نے، پچھلے 10 سالوں کے دوران، آسام کیلئے ایک لاکھ 78 ہزار کروڑ روپئے سے زیادہ کی رقم مختص کی ہے۔x

## Puducherry Election Campaigning

پدوچیری میں انتخابی مہم زوروں پر ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ رہنما اور سیاسی لیڈران اپنے اپنے امیدواروں کی حمایت کیلئے روڈ شوز، عوامی میٹنگیں اور ووٹروں تک پہنچنے کیلئے مختلف سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے ......

**VC Bibin S Nath**

کانگریس پارٹی کے آل انڈیا کانگریس کمیٹی کے جنرل سکریٹری اور راجیہ سبھا کے ممبر مُکل واسنِک نے آج پدوچیری میں انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کے Best پدوچیری کے وعدے کے باوجود پدوچیری، پچھلے پانچ سال کے دوران ملک میں بدتر انتظامی والا علاقہ بن گیا ہے۔ BJP کیلئے پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے مرکزی وزیر سریش گوپی نے ماہے beach پر فیملی اجتماع کی میٹنگ میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ماہے کو قومی شاہراہوں کے پروجیکٹوں سے کافی فائدہ ہوا ہے۔ انہوں نے بنیادی ڈھانچے اور عوامی فلاح و بہبود کو بہتر بنانے کے مقصد سے شروع کیے گئے اہم مرکزی اقدامات کو اجاگر کیا۔

کانگریس کیرلم کے رہنما اور رکنِ پارلیمنٹ K سُدھا کرن اور انڈین یونین مسلم لیگ کے لیڈر منور علی Shihad Thangal نے ماہے میں کانگریس امیدوار کیلئے انتخابی مہم میں حصہ لیا۔ پدوچیری کے وزیر اعلیٰ این رنگا سامی نے NDA امیدواروں کیلئے Nettapakkam حلقے میں چناؤ مہم میں حصہ لیا۔ اپوزیشن لیڈر اور DMK کے رہنما آر سِیوا نے Villianur کے Thillai نگر اور SMV پورم علاقوں میں انتخابی مہم میں شرکت کی۔ انہوں نے MLA کے طور پر اُن کی مدتِ کار کے دوران کیے گئے ترقیاتی کاموں کو اجاگر کیا۔

اس دوران BJP اور NDA کے اُس کے اتحادی، وزیر اعظم نریندر مودی کا خیر مقدم کرنے کیلئے پوری طرح تیار ہیں۔ جناب مودی کل انتخابی مہم کیلئے پدوچیری پہنچیں گے۔ وہ چنئی سے شام میں پدوچیری پہنچیں گے اور عوامی میٹنگوں نیز پارٹی کارکنوں سے خطاب کے علاوہ روڈ شو کریں گے۔کانگریس صدر ملکا ارجن کھڑگے اور اپوزیشن لیڈر راہل گاندھی بھی انتخابی مہم کیلئے بالترتیب 4اور 6اپریل کو پدوچیری پہنچیں گے۔

پدوچیری سے Bipin S Nath کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں محمدعمار

## Rev. MEA Briefing

آج بھارت نے UNIFIL میں تعینات اقوام متحدہ قیامِ امن فورس پر حالیہ حملوں کی مذمت کی ہے نیز ان کی سلامتی اور تحفظ کو یقینی بنانے پر زور دیا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیلات بتاتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیرجیسوال نے کہا کہ بھارت قیامِ امن فورس کے خلاف جرائم کیلئے احتساب پر زور دیتا ہے کیونکہ بھارت قیامِ امن میں تعاون کرنے والے سب سے بڑے اور طویل مدتی شراکت داروں میں سے ایک ہے۔ جناب جیسوال نے اجاگر کیا کہ UNIFIL میں 600 بھارتی فوجی ہیں، جنھوں نے اقوام متحدہ کی طے کردہ قیامِ امن مشنوں کے تحت عالمی پیمانے پر قیامِ امن اور سکیورٹی میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں۔ترجمان نے کہا کہ بھارت LPG، LNG اور دیگر مصنوعات سے بھرے بھارتی بحری جہازوں کے اُس خطے میں بلارکاوٹ اور محفوظ سفر کیلئے ایران اور دیگر ملکوں کے ساتھ رابطے میں ہے۔ انھوں نے یہ بات اجاگر کی کہ 6 بھارتی بحری جہاز بحفاظت آبنائے ہرمز کو پار کرچکے ہیں اور بھارت متعلقہ فریقین کے ساتھ رابطہ قائم رکھے ہوئے ہے۔

جناب جیسوال نے اِس بات سے بھی مطلع کیا کہ برطانیہ نے، آبنائے ہرمز سے متعلق بات چیت کیلئے،

بھارت سمیت بہت سے ملکوں کو مدعو کیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ خارجہ سکریٹری اِس میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے ترجمان نے کہا کہ خلیجی ممالک میں ایک کروڑ بھارتی باشندے قیام پذیر ہیں اور یہ کہ وہ سب محفوظ ہیں۔x

**BOXING**

مکّے بازی میں منگولیا کے Ulaanbaatar میں مردوں کے 65 کلو گرام زمرے میں بھارت کے آدتیہ پرتاپ یادو، سعودی عرب کے موسیٰ Alhawsaw کو شکست دے کر ایشین باکسنگ چمپئن شپ کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ کوارٹر فائنل میں ان کا مقابلہ ازبیکستان کے عبداللہ Madaminov سے ہوگا۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆